## نفرت کی وجہ سے کیا گیا جرم کیا ہے؟

نفرت کی وجہ سے کیا گیا جرم کسی شخص یا ملکیت کے خلاف کیا گیا ایک ایسا جرم ہے جس کے ارتکاب کا محرک ایسی نفرت/ میلان یا تعصب ہو جو نسل، قومی یا نژادی جڑیں، زبان، رنگ، مذہب، جنس، عمر، ذہنی یا جسمانی لاچارگی، جنسی ترجیحات یا رجحان، یا کسی ایسے ہی عنصر کی بنیاد پر مبنی ہو۔



# ایڈمنٹن کو نفرت سے پاک شہر بنانے میں مدد کرنا

نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرائم کی یونٹ

Language: Urdu

## میں نفرت کی وجہ سے کیا گیا جرم کیسے رپورٹ کروں؟

ہر فون کال اہم ہے، لیکن تمام کالیں زندگی کو خطرے سے منسلک نہیں ہوتیں، اور تمام کالیں پولیس ایمرجنسی کے زمرے میں نہیں آتیں۔ بہرحال، ہم یہاں آپ کی مدد کے لئے ہیں۔ آپ کو ایک کردار ادا کرنا ہے۔ "صحیح کال کیجئے۔"

**9-1-1 زندگی کو خطرے میں ڈالنے والی ایمرجنسی یا ہنگامی صورت میں، یا اگر ایک جرم کا ارتکاب کیا جارہا ہے**

| | |
|---|---|
| **ایسی کالیں جو کہ ایمرجنسی کے متعلق نہیں:** | **780-423-4567** |
| **ٹی ٹی وائی/ ٹی ٹی ڈی (TTY/TTD) :** | **780-425-1231** |
| **ٹیل اس (TELUS) موبلٹی:** | **#377** |
| **روجرز (Rogers):** | ***377** |

**جرائم کی روک تھام سے متعلق اطلاع (8477) 1-800-222-TIPS**
**اطلاع آن لائن www.tipsubmit.com پر بھی دی جاسکتی ہے**

## میں معلومات کے لئے کس کو فون کروں؟

**ایڈمنٹن پولیس کے ذرائع**
نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرم کی کمیونٹی لائن 780-421-3489

**وکٹم سروسز یونٹ (ظلم کے شکار کو خدمات مہیا کرنے کا عملہ) ڈویژن**

| | |
|---|---|
| شمال | 780-426-8160 |
| جنوب | 780-426-8260 |
| مغرب | 780-426-8060 |
| اندرون شہر | 780-421-2760 |
| جنوب مغرب | 780-426-8363 |

**چیف کی مشاورتی کونسل کمیونٹی کی آٹھ مختلف لی اے زاں (میل جول کی) کمیٹیوں پر مشتمل ہے، جس میں شامل ہیں:**
ایب اورجنل، ایشین، سیاہ فام، انڈو۔کینیڈین، یہودی، مسلم، افریقن، کینیڈین، اور لیسبین، گے (یعنی اپنی ہی جنس سے جنسی تعلقات رکھنے والے مرد اور عورتین)، بائی سیکچوئل (یعنی دونوں جنسوں سے جنسی تعلقات رکھنے والے مرد اور عورتین)، ایسے افراد جن کی نشاندہی دوسری جنس کے ساتھ کی جاسکے، ایسے افراد جو دونوں مزکر اور مونث تصور کئے جاتے ہیں، اور انوکھے لوگ

www.edmontonpolice.ca/AboutEPS/CommunityInitiatives/ChiefsCAC.aspx

**صوبائی ذرائع**
البرٹا کے انسانی حقوق کے کمشن کی رازدارانہ تحقیقاتی لائن 780-427-7661

**وفاقی ذرائع**
کینیڈا کا انسانی حقوق کا کمشن
بغیر چارج کے: 1-800-999-6899



# ایڈمنٹن کو
# نفرت سے پاک
# شہر بنانے میں مدد کرنا

## نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرائم کی یونٹ

### نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرائم کے خلاف ہمارے پاس قانون کیوں ہیں؟

نفرت اور تعصب کی وجہ سے کئے گئے جرائم کا اثر دور رس ہوتا ہے، اور ظلم کے شکار پر ڈھائے ہوئے جسمانی اور جذباتی اذیت سے کہیں آگے جاتا ہے۔ ایسے جرائم مظلوم گروپ میں علیحدگی اور غیر محفوظ ہونے کے احساس کو بڑھاتے ہیں اور کمیونٹی کے تمام ارکان میں صعوبت اور پریشانی پیدا کرتے ہیں۔ اگر ان کی روک تھام نہ کی جائے تو ایسے جرائم کا نتیجہ مختلف گروہوں کے درمیان معاشرتی کشیدگیوں میں اضافہ ہوسکتا ہے جو معاشرے کو تباہ کرسکتا ہے اور اس طرح ہمارے معاشرے میں ان لوگوں کے عزائم کو آگے بڑھا سکتا جو نفرت اور تعصب کو پھیلاتے ہیں۔

### اگر واقع جو مجھے پیش آیا ہے مجرمانہ نہیں تو پھر؟

کام کی جگہ یا سکول میں پریشان کرنا، کچھ کمپنیوں یا مالکانِ مکان کا آپ کو سروس مہیا کرنے سے انکار کرنا، اس وجہ سے کہ آپ کون ہیں، ایسے واقعات کو نظرانداز نہیں کرنا چاہئے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کے لئے اس کی تلافی مہیا ہو۔ انسانی حقوق کے کمشن اور اداروں کی اندرونی پالیسیوں سے اکثر چشم پوشی کی جاتی ہے اور یہ مسائل کے سلجھانے میں مدد کرسکتے ہیں پیشتر اس کے کہ یہ مجرمانہ صورت اختیار کرلیں۔

### نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرائم کے شکار لوگ رپورٹ کرنے سے کیوں گریز کرتے ہیں؟

جرائم کے شکار لوگ رپورٹ کرنے سے اکثر ان وجوہات سے گریز کرتے ہیں:

- دوبارہ شکار بننے یا انتقام کا خوف؛
- ذاتی زندگی کا سرِعام ہوجانے کا خوف؛
- قانون کے نفاذ اور اس کے ردِعمل کا خوف؛
- ثقافتی اور زبان کی رکاوٹیں؛ اور
- امیگریشن سروسز کا خوف۔

### میں رپورٹ کرنے کی زحمت کیوں مول لوں؟

نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرائم کی رپورٹ کرنا نفرت کے سلسلے کو روکنے اور دوسروں کو ایسے جرائم کا شکار ہونے سے بچانے کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ یہ بھی اہم ہے کہ پولیس نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرائم کے بارے میں باخبر ہو تاکہ ان کا تجزیہ کیا جاسکے یہ یقینی بنانے کے لئے کہ ان سے نپٹنے کے لئے مناسب اقدام کئے جا رہے ہیں، بشمول ہمارے معاشرے کو محفوظ بنانے کے لئے مناسب ذرائع کو وقف کرنا۔

### جب میں پولیس سے بات کرتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟

جو آپ کی کال سنتا ہے وہ آپ سے آپ کے بارے میں بنیادی معلومات کے بارے میں پوچھے گا، جیساکہ آپ کا نام، ایڈرس، تاریخ پیدائش اور آپ سے رابطہ کرنے کا بہترین طریقہ۔ ایک رپورٹ مکمل کی جائے گی اور تفتیش کے لئے نفرت کی وجہ سے کئے گئے جرائم کی یونٹ کو بھیجی جائے گی۔ اس یونٹ سے ایک تفتیش کرنے والا آپ سے رابطہ کرے گا۔ اگر مشتبہ ملزم کی نشاندہی کی جاسکتی ہے، تو پھر مسئلے کے حل کی تلاش شروع ہوگی۔ یہ مجرمانہ چارجز عائد کرنے سے مصالحت تک مختلف ہوسکتا ہےاور اس کا انحصار جرم کی نوعیت اور فریقین پر ہے ۔

### کیا میں پولیس پر اعتماد کرسکتا ہوں؟

پولیس کے افسران اورآپ کی کال سننے والے غیرفوجی سرکاری ملازمین پیشہ ورانہ لوگ ہیں۔ آپ کی شکایت سنجیدگی سے لی جائے گی۔ افسران اور غیرفوجی سرکاری ملازمین ظلم کے شکار لوگوں کے مسائل پر تربیت لیتے ہیں تاکہ وہ آپ کی مدد کرسکیں۔

### کیا میری رپورٹ صیغہ راز میں رکھی جاسکتی ہے؟

پولیس کی حاصل کردہ معلومات فریڈم آف انفرمیشن کے قوانین کے تحت حفاظت میں رکھی جاتی ہے ۔۔ آپ کی رپورٹ خفیہ ہے۔ اگر چارجز یا الزام عائد کئے جاتے ہیں تو کچھ معلومات سرِعام آجاتی ہیں۔ بہرکیف، تفتیش کرنے والا آپ کے ساتھ آپ کے خدشاتِ پر بات چیت کرکے ایسے آپشنز یا طریقے ڈھونڈ سکتا ہے جو مسئلے کے حل اور آپ کی معلومات کو صیغہ راز میں رکھنے کی ضرورت کے درمیان توازن کرسکے۔

